اوہ گجرے

رانیہ نے دیکھتے ہی کہا

واہ اذان

آپ جیسے بھی ہیں بات مان لی میری

آپ تو بہت اچھے ہیں

مہندی پر سب نے کافی ہلا گلا کیا تھا

سب لوگ بہت خوش تھے

وہ اپنے کمرے میں بیٹھا تھا

رات کے تین بج رہے تھے

رانیہ آخر کیوں مجھے تم اتنی اچھی لگتی ہو

میں تمہیں کسی اور کے ساتھ نہیں دیکھ سکتا

میں تمہیں کیسے بتاؤں میں تم سے کتنی محبت کرتا ہوں

وہ دل ہی دل میں سوچ رہا تھا

مجھے تو تم۔ بچپن سے ہی بہت پسند ہو

میں نے جب بھی کسی لڑکی کو اپنی بی وی کے روپ میں دیکھا تو تمہارا ہی چہرا میرے

سامنے آیا ہے

رانیہ تم میری ہو صرف میری

اور کل تم ہمیشہ ہمیشہ کے لیے میری ہو جاؤ گی

میں بہت خوش ہوں

اب وہ اٹھا اور اٹھ کر نماز کے لیے وضو کرنے چلا گیا

تیار ہو کر وہ بہت خوبصورت لگ رہی تھی

جیولری اور میک اپ نے اس کی خوبصورتی میں اور اضافہ کر دیا تھا

رخصتی پر تو وہ بہت روئی تھی

اقرا بھی بہت روئی تھی

اشفاق صاحب تو بہت اداس تھے ایک طرف بیٹی کے خود سے دور جانے پر

جبکہ دوسری طرف وہ مطمئن اور خوش بھی تھے کہ اذان جیسا لڑکا اس کا ہمسفر بنا

وہ کمرے میں داخل ہوا

سفید رنگ کی شلوار قمیض پہنے مہرون چادر اوڑھے اگر رانیہ صاحبہ کی نظر سے دیکھا

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry

جائے تو وہ بس ٹھیک ہی لگ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جبکہ گاؤں کی ساری لڑکیاں اس پر مرتی تھیں مگر بد قسمتی سے اس کے نصیب میں تھی

رانیہ

وہ بیچارہ سیدھا سادھا جس نے بچپن سے سن رکھا تھا کے اس کی شادی شہر میں رہنے

والی اس کی کزن سے ہو گی جس کو اس نے شاید بچپن میں دیکھا تھا اور اب وہ اسے ٹھیک

سے یاد بھی نا تھی

وہ تو اسے پسند کرنے لگا تھا اس نے ہمیشہ رانیہ کو ہی اپنی بی وی کے روپ میں سوچا تھا

کمرے میں داخل ہوتے ہی اس کی نظر رانیہ پر پڑی جو سیلفیاں لینے میں مصروف تھی

آج وہ بہت خوش تھا

وہ اس کی ہو چکی تھی

LRI ❤ PDI LRI ❤ PDI LRI ❤ PDI

ارے ارے ارے آ گئے آپ ادھر آئیں نا میرے ساتھ آپ کی ایک تصویر بھی نہیں

ہے آئیں نا ذرا تصویر تو بنوائیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

🙄🙄کیسی لڑکی ہے یہ اس نے دل میں سوچا تھا

سوچ کیا رہے ہیں ادھر آئیں شادی جن بھی حالات میں ہوئی اب ہیں تو آپ میرے شوہر ہی

ایک دو پکچرز ہی لے لیں میں سٹیٹس لگاؤں میری فرینڈز بھی تو دیکھیں میرا شوہر

اچھا ہاں سنیں میں نے آپ کو ایک بات بھی کہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ نان سٹاپ بولے چلے جا رہی تھی

آپ بیٹھ جائیں میں آپ کی ساری باتیں سن لوں گا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ارے پہلے پکچرز تو لیں ایسے کیسے بیٹھ جاؤں میں

جی لیں لیں پکچرز آپ

اس نے بولا تو دو تین پکچرز کا تھا مگر بنائی بہت ساری تھی

دیکھیں آپ کو اگر کوئی اور لڑکی پسند ہے تو مجھے کوئی مسئلہ نہیں ہر کسی کی کوئی نا کوئی پسند ہوتی ہے آپ کی بھی ہو گی

نہیں ایسا نہیں ہے رانیہ مجھے کوئی پسند نہیں

ارے مجھ سے مت شرمائیں مجھ سے کیا شرمانا میں توبی وی ہوں آپ کی بتادیں کوئی مسئلہ نہیں میں کرواؤں گی شادی آپ کی بہت مزا آئے گا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اچھا چھوڑیں اس بات کو بعد میں ڈسکس کریں گے

میری منہ دکھائی تو دیں؟

وہ تو اس کی باتوں پر حیران تھا کے کیسی لڑکی ہے یہ وہ سوچوں میں گم تھا

کیا ہوا اذان کیا سوچ رہیے ہیں بھئی؟

یہی سوچ رہے ہونگے کے میں اتنی اچھی کب سے ہوگئی

اب جو بھی ہو آپ ہی میرے شوہر ہیں

میں نے تو آپ کو دل و جان سے ایکسیپٹ کر لیا ہے اور ساتھ میں آپ کی اس گرل فرینڈ ہانیہ کو بھی

آپ چاہے تو اس سے شادی کر سکتے ہیں

ظاہر ہے سب کو پیار ہوتا ہے سب کی کوئی نا کوئی پسند ہوتی ہے آپ کی بھی ہو گی ہی بلکہ

ہے

رانیہ تمہیں کوئی غلط فہمی ہوئی ہے

مجھے وہ پسند نہیں ہے

ارے آپ مجھ سے چھپائیں مت

اچھا چھوڑوں ان باتوں کو

یہ لو

یہ تمہاری منہ دکھائی

رانیہ نے جیسے ہی دیکھا وہ بولی واؤاٹس سو بیوٹی فل

چوائس تو اچھی ہے آپ کی آذان

چلیں اب مجھے نیند آئی ہے آپ جائیں یہاں سے

کیا مطلب میں کہاں جاؤں اذان نے حیرت سے اس کی طرف دیکھتے ہوئے پوچھا

کہیں بھی جائیں اب میں آپ کی وائف ہوں تو یہ کمرا میرا ہوا

کیا مطلب یہ کمرا میرا ہے میں اور کہاں جاؤں سب کیا سوچیں گیں

آپ سامنے سوفے پر سو جائیں میں بھی پاگل ہو جو کس سے محبت کر بیٹھا وہ منہ میں

بڑبڑایا

کیا کہا آپ نے🙄رانیہ اس کی آواز سن کر بولی

نن نہیں کچھ نہیں سو جاؤ تم

صبح اٹھتے ہی اس کی نظر رانیہ پر پڑی

جو سوتے ہوئے بہت ہی معصوم لگ رہی تھی

وہ اس کی طرف دیکھ کر مسکرانے لگا

رانیہ اٹھو رانیہ وہ اسے اٹھانے کی ناکام کوشش کر رہا تھا

کیا ہے اقرا سونے دو نا اب تو شادی ہو گئی ہے میری اب بھی پیچھا نہیں چھوڑ رہی تم میرا

وہ نیند میں بول رہی تھی

اقرا؟رانیہ میں اقرا نہیں اذان ہوں جلدی اٹھو نماز کا وقت ختم ہو رہا ہے

اذان اب اونچی آواز میں بولا تھا

وہ اس کی آواز پر چونک کر اٹھ بیٹھی

آپ آپ یہاں کیا کر رہے ہیں اذان بھائی

😭😭😭😭

شاید آپ بھول رہی ہیں رانیہ کل ہمارا نکاح ہوا ہے

اور اب میں آپ کا شوہر ہوں

اب آپ پلیز مجھے دوبارہ بھائی مت بلائیے گا ورنہ مجھ سے برا کوئی نہیں ہو گا اب اٹھیں

اور اٹھ کے نماز پڑھ لیں

وہ غصے سے یہ سب بولتے ہوئے باہر کی طرف چلا گیا

اب اگر اٹھا ہی دیا ہے تو نماز پڑھ لیتی ہوں

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsanay|Poetry|Interviews

عجیب پاگل ہیں ڈانٹ کے چلے گئے فضول میں

اب بچپن سے بھائی بلایا ہے آہستہ آہستہ ہی عادت ختم ہو گی

تایا ابو کی وجہ سے شادی کر لی میں نے ورنا مجھے آپ پسند ہی نہیں تھے اذان وہ خود سے

باتیں کرتی ہوئی واش روم کی طرف چلی گئی

وہ سب ناشتہ کی ٹیبل پر موجود تھے

بابا آپ کچھ دن اور رک جائیں نا

اتنی جلدی کیا ہے جانے کی

رانیہ تمہیں تو پتا ہے کہ اقرا کے ایگزامز شروع ہونے والے ہیں

پھر تم لوگ آجانا کچھ دنوں میں ہمارے پاس

ہاں رانیہ مجھے کچھ بھی نہیں آتا میرے ایگزامز کے بعد تم لوگ آجانا ہم خوب گھومیں

گے اقرا بولی

اقرا میں تمہارے بغیر کیسے رہوں گی رانیہ نے اداسی سے جواب دیا

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

جبکہ رانیہ کی بات پر اذان نے دل میں سوچا صبح تو بڑی برائیا ہو رہی تھی اقرا کی

رانی بیٹی ثمن بھی تو ہے نا یہاں وہ بھی اقرا ہی کی طرح ہے حمید صاحب نے رانیہ کو تسلی

دینا چاہی

اب یہی تمہارا گھر ہے رانیہ بشریٰ بیگم بولیں اور تمہیں یہی رہنا ہے اب بیٹا ماشاءاللہ

یہاں سب اتنے اچھے ہیں تایا تائی بشریٰ بیگم اسے سمجھانے لگیں

رانیہ اداس سی کمرے میں بیٹھی تھی کے اس کے فون پر بیل بجنے لگی

فون اٹھاتے ہی اس نے بات کرنا شروع کی

ہمم حارث اب تم بھی شادی کر لو ایسے کب تک میرے انتظار میں بیٹھے رہو گے

میری تو ہو گئی شادی

😩😩😩😩

رانیہ تم نے میرے ساتھ اچھا نہیں کیا

مگر حارث میں نے تمہیں پہلے ہی کہا تھا

www.neweramagazine.com

کے ہم صرف دوست ہیں اس سے زیادہ نہیں

تب تو تم مان گئے تھے

وہ باتوں میں مصروف تھی کے اتنے میں اذان کمرے میں داخل ہوا

اچھا حارث میں بعد میں بات کرو گی یہ کہتے ہوئے اس نے فون بند کر دیا

آج کے بعد میں تمہیں اس حارث سے بات کرتا نا دیکھوں

وہ غصہ سے رانیہ کی طرف دیکھ کر بولا

کیوں دوست ہے وہ میرا میں کروں گی بات؟

وہ تمہارا دوست ہے تو تم میری بی وی ہو اور میں نہیں چاہتا کے تم اس طرح کسی سے بات کرو

تیار ہو جاؤ شام کو جانا ہے ہمیں ردا کے گھر ڈنر پر

اور اگر اب میں نے تمہیں حارث سے بات کرتے دیکھا تو انجام کی تم خود زمہ دار ہو گی

وہ غصہ سے بولتا الماری میں سے کپڑے نکال کر باتھ روم کی جانب بڑھ گیا

وہ خود نہیں سمجھ پا رہا تھا رانیہ کے ساتھ اپنے اس سخت رویہ کو

جبکہ رانیہ اس کا یہ روپ دیکھ کر ڈر سی گئی تھی

وہ اٹھی اور الماڑی سے کپڑے نکالنے لگی

اتنے میں ثمن کمرے میں داخل ہوئی

بھابھی یہ جیولری ماما نے بجھوائی ہے وہ کہہ رہی تھیں کے آپ یہ پہن جائے

اممم دکھاؤں

یہ تو بہت پیاری ہے رانیہ دیکھتے ہوئے بولی ثمن تم بھی چلو نا ہمارے ساتھ میں اکیلی بور ہو جاؤں گی

بھابھی میں ضرور چلتی مگر صبح میرا ٹیسٹ ہے کالج میں اور مجھے تیاری کرنی ہے

آپ بور کیوں ہونگی اذان بھائی ہونگے تو آپ کے ساتھ وہ آپ کو بور نہیں ہونے دینگے

وہ تیار ہو کر بیٹھی موبائل یوس کر رہی تھی

پنک کلر کے لانگ فراک پہنے لائٹ میک اپ کیے وہ بہت پیاری لگ رہی تھی

اذان کمرے میں داخل ہوا اسکن کلر کی شلوار قمیض پہنے اب وہ شیشے کے سامنے کھڑا بالوں کو جیل سے سیٹ کر رہا تھا

رانیہ کی نظر اس پر پڑی تو جیسے وہ اس میں کھو سی گئی

بال سیٹ کرنے کے بعد اس نے پرفیوم اٹھا کر لگایا

اور اپنی واچ نکال کر پہنی

وہ بے حد حسین لگ رہا تھا ایک پل کے لیے تو رانیہ اسے دیکھتی ہی رہ گئی اور دل میں سوچنے لگی ہیں تو یہ پیارے لیکن مجھے یہ آج اتنے پیارے کیوں لگ رہے ہیں پہلے کیوں نہیں لگے

شاید پہلے کبھی اتنے غور سے اس نے اذان کو دیکھا نہیں تھا

چلیں اذان

جی چلو

ایک سیکنڈ تم چادر اوڑھ لو

رانیہ کا دوپٹہ پتلا تھا اور اس کے بال کھلے تھے اذان کو اس کا اس طرح گھر سے باہر جانا

مناسب نالگا تو اس نے کہہ دیا

مگر میرے پاس تو چادر نہیں رانیہ کے پاس واقع کوئی چادر نا تھی

اچھا رکو میں ماما سے لے کر آیا

بلکہ تم بھی آجاؤ

وہ دونوں گاڑی میں بیٹھے تھے

راستہ میں اذان نے گاڑی ایک پھولوں والی دکان پر روکی

رانیہ کا موڈ تھوڑا اووف تھا اذان کی ڈانٹ پر

تم بیٹھو میں ابھی آیا

اب پتا نہیں کہاں چلے گئے یہ وہ دل میں سوچ رہی تھی

اس کا موبائل بجنے لگا حارث کی کال تھی اس نے کچھ سوچ کر کال کاٹ دی

اذان بھی آگیا تھا

ہاتھ دکھاؤں اس نے رانیہ سے کہا

کیوں رانیہ نے اس کی بات پر جواب دیاا ففففففففف بابا کھا نہیں رہا دکھاؤں

رانیہ نے ہاتھ آگے بڑھائے

اسنے ہاتھوں میں لیے ہوئے گجرے رانیہ کو پہنائے

رانیہ تو بڑی خوش ہوئی تھی اس کو گجرے بہت پسند تھے

تھینکس اس نے خوشی سے اذان کو کہا

ویسے آپ یہ میرے لیے کیوں لائے؟

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

رانیہ نے اذان سے پوچھا

تمہیں پسند ہیں تو سوچا لے لوں

تھینکس

اس نے پھر سے بولا

جبکہ اذان خاموش رہا

ایک بات تو بتائیں آپ مجھ پر شک کیوں کرتے ہیں رانیہ نے اذان سے پوچھا

تمہیں کس نے کہا میں تم پر شک کرتا ہوں

پھر مجھے اس طرح سے چادر پہنا کر کیوں لائے

اس میں کوئی شک نہیں رانیہ نے بے تکی بات کی تھی

دیکھو رانیہ تم میری عزت ہو میں نہیں چاہتا کے تمہیں کوئی اور غیر مرد اس طرح

دیکھے تم پر صرف میرا حق ہے

ایک اور بات پوچھوں رانیہ پھر سے بولی

ہممممم پوچھوں

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

آپ نے ہانیہ سے شادی کیوں نہیں کی وہ تو آپ کو پسند بھی کرتی ہے اور آپ بھی

تمہیں کس نے کہا میں اس کو پسند کرتا ہوں اذان بولا

وہ آپ اس دن اس کے ساتھ کھڑے تھے ہنس ہنس کے باتیں کر رہے تھے تو میں

سمجھی کے وہ آپ کی جی ایف ہے رانیہ بولی🤦‍♂️🤦‍♂️🤦‍♂️🤦‍♂️

اففففففففف رانیہ تم پاگل ہو ایسا کچھ بھی نہیں ہے

وہ مجھے پسند کرتی ہے میں اسے نہیں کرتا

تو پھر آپ کس کو پسند کرتے ہیں؟ رانیہ نے اذان سے پوچھا

کسی کو بھی نہیں

رانیہ کو لگا تھا وہ اس کا نام لے گا

اب وہ چپ کر کے بیٹھ گئی

جبکہ اذان نے تو جان بوجھ کر یہ کہا تھا

وقت آنے پر بتاؤں گا تمہیں رانیہ کے میرے دل میں تم ہو بس تمہارے سوا کسی اور کا تصور بھی نہیں

ردا کے گھر وہ پہنچ چکے تھے سب نے ساتھ میں ڈنر کیا

جبکہ حنا کی نظریں تو اذان سے ہٹ ہی نہیں رہی تھیں جس کو رانیہ نے بھی نوٹ کیا تھا

اب رانیہ کو بھی تھوڑی جلن ہونے لگی تھی

وہ وہاں سے اٹھ کر اذان کے قریب جا بیٹھی

)حمید صاحب کی بیماری کا چار لوگوں کو علم تھا حمید صاحب فہمیدہ بیگم، اذان اور رانیہ
رانیہ کو یہ بات تب پتہ چلی جب وہ بشریٰ بیگم کے جانے کے بعد اپنے کمرے سے باہر
نکل کر جا رہی تھی کے راستے میں حمید صاحب
کے کمرے سے آنے والی آواز سن کر رکی تھی

میری زندگی کا کوئی بھروسہ نہیں فہمیدہ میں چاہتا ہوں اب جلد از جلد اذان کا گھر بھی
بس جائے

ہمممم ایسی باتیں نا کریں ہم آپ کا علاج کروائیں گے آپ بلکل ٹھیک ہو جائے گے یہ
فہمیدہ بیگم کی آواز تھی

کینسر کا کوئی علاج نہیں

ناامید مت ہوں حمید صاحب سب ٹھیک ہو جائے گا

تایا ابو کو کینسر ہے وہ سن کر پریشان ہو گئی تھی

فہمیدہ میں چاہتا ہوں کے رانیہ ہی ہمارے گھر کی بہوں بنے اماں جی کی بھی یہی خواہش
تھی

NEW ERA MAGAZINE .COM
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

مگر حمید صاحب رانیہ شہر میں پلی بڑھی ہے وہ شاید ناما نے

نہیں مجھے یقین ہے وہ انکار نہیں کرے گی رانیہ کی یہ سنتے ہی آنکھیں نم ہو گئیں اور وہ

وہاں سے چلی گئی(

وہ سب ایک ساتھ بیٹھے چائے پی رہے تھے

رانیہ کے نمبر پر کسی کی کال آئی اس نے کاٹ دی دوبارہ پھر سے فون بجا اب اسے وہاں

سے اٹھ کر فون سننے کے لیے سائیڈ پر جانا پڑا

حارث تمہیں کتنی بار بول چکی ہوں اب مجھے اس طرح کال کر کے تنگ مت کیا کرو

رانیہ میں تم سے محبت کرتا ہوں مجھے

مگر اب میری شادی ہو چکی ہے اور میں تم سے محبت نہیں کرتی نا اب نا ہی پہلے

اوہ تو اپنے عاشق سے باتیں ہو رہی ہیں وہ بھی چھپ چھپ کر حنا جو پیچھے کھڑی چھپ

کر یہ سب سن رہی تھی اس نے دل ہی دل میں خود سے کہا اور مسکرا کر سائیڈ پر چلی گئ

رانیہ واپس جا کر سب کے ساتھ بیٹھ گئ

NEW ERA MAGAZINE
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

باتیں ہوتی رہی

رداور رانیہ کی باتیں ہی ختم نہیں ہو رہی تھی

اذان کوئی کال سننے سائیڈ پر آیا تھا حنا بھی اس کے پیچھے آئی تھی

ارے ارے رکیں ایک منٹ مسٹر اذان

جی فرماؤ اذان نے حنا کی آواز پر اس کو جواب دیا

اتنے روڈ تم میرے ساتھ ہی کیوں ہو تم جانتے ہو اذان میں تم سے محبت کرتی ہوں

لیکن تم نے پھر بھی رانیہ کو چنا وہ رانیہ جو تمہیں پسند ہی نہیں کرتی ابھی تک چھپ چھپ کر اپنے عاشقق سے باتیں کرتی ہے واہ اذان واہ

جسٹ شٹ اپ حنا

ایک لفظ اور نہیں بس

اذان غصہ سے بولا اور وہاں سے چلا گیا

میرے خیال سے پھو پھو اب ہمیں چلنا چاہیے

غصہ اس کی آنکھیں لال ہو رہی تھی

اٹھو رانیہ

وہ سب سے مل کر گھر کی طرف روانہ ہو گئے

وہ دونوں گاڑی میں بیٹھے تھے اور صرف خاموشی تھی

رانیہ نے موبائل اٹھایا اور چلانے لگی

اذان کو اس پر اور غصہ آنے لگا

گھر پہنچ کر وہ بغیر کسی سے ملے اپنے کمرے میں چلا گیا

جبکہ رانیہ بھی سب سے مل کر اس کے کمرے کی طرف چلی گئی

چینج کر کے وہ باہر نکلی تھی اذان بیڈ پر بیٹا اسے گھور رہا تھا

تم نے پھر بات کی اس حارث سے اذان اب اونچی آواز میں بولا تھا

نہیں رانیہ نے ڈرتے ہوئے جواب دیا

وہ وہاں سے اٹھا اور رانیہ کے ہاتھ ذور سے پکڑ کر بولا تم جھوٹ بول رہی ہو رانیہ

کیوں جب تمہیں میں پسند نہیں تھا تو کیوں کی شادی مجھ سے اب وہ اور سخت لہجے میں بول رہا تھا

بولو

جواب دو رانیہ

اذان آپ رانیہ ابھی بولنے ہی لگی تھی

کیا میں رانیہ کیا میں

تم چاہتی ہو تو میں تمہیں طلاق دے دوں گا

مجھ سے نہیں ہوتا برداشت کے میری بی وی ہو کے تم غیر مردوں سے باتیں کرتی پھرو

اذان آپ غلط سمجھ رہیں ہیں ایسا کچھ بھی نہیں ہے

کل تک کا ٹائم ہے سوچ کر بتا دینا تم مجھے کے کیا چاہتی ہو تم

یہ کہتا ہوا وہ باہر چلا گیا

رانیہ رونے لگی طلاق وہ تو یہ نہیں چاہتی تھی اور اذان تو اسے اچھا لگنے لگا تھا

اذان کو کیسے پتا چلا وہ سوچ رہی تھی

وہ چھت پر بیٹھا سوچ رہا تھا

یہ میں نے ٹھیک نہیں کیا

کیوں جب وہ میرے ساتھ خوش نہیں ہے تو بس اور کیا کر سکتا ہوں میں

بچپن سے اسے چاہا مگر اس کی آنکھیں نم ہو رہی تھی سر درد سے پھٹ رہا تھا

وہ سردی میں بیٹھا تھا کاش تم صرف اور صرف میری ہوتی

میں ایسے کیسے تمہیں کسی کا ہونے دوں

میں کیا کروں رانیہ میں اپنی محبت کو کسی اور کے ساتھ ہر گز برداشت نہیں کر سکتا

اس کی آنکھوں سے آنسوں نکل رہے تھے

روتے روتے وہ کب سو گئی اسے پتا ہی نا چلا تھا

وہ فجر کے وقت کمرے میں فجر پڑھ کے داخل ہوا

یہ ابھی تک سو رہی ہے نماز بھی نہیں پڑھی اس نے

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Poetry|Interviews

وہ اس کے قریب آ کر کھڑا ہوا وہ بے حد حسین لگ رہی تھی

آہہہ رانیہ کاش

اس نے صرف اتنا ہی بولا

رانیہ اٹھو

اذان آپ آپ مجھے چھوڑ کے مت جائیں پلیز اذان

وہ اس کی باتیں سن کر حیران ہوا جو نیند میں بول رہی تھی

اذان اس کے پاس بیڈ پر بیٹھ گیا اور اس کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں تھاما

وہ چونک کر اٹھ بیٹھی

آپ یہاں کیا کر رہے ہیں

ڈائیورس پیپرز کے کے آیا ہوں اس نے جان بوجھ کے بولا

تو رانیہ اس کی بات پر بوکھلا سی گئی

مجھے تو نہیں چاہیے ڈائیسورس لے جائیں واپس

NEW ERA MAGAZINE .com

پھر حارث کا کیا ہو گا اذان پھر سے بولا

مجھے نہیں پتا آپ لے

جائیں واپس

اب شادی کر لی ہے تو اسے نبھاؤں گی بھی

اور مجھے حارث نہیں پسند وہ بس دوست ہے میرا

تو کون پسند ہے اور دوست کیوں ہے اذان نے سوال کیا

دوست کیوں ہوتے ہیں اذان وہ میرا دوست ہے آپ کے بھی تو دوست ہونگے نا تو

بتائیں وہ کیوں ہیں

میرے دوست میری طرح لڑکے ہی ہیں لڑکیاں نہیں

جبکہ وہ لڑکا ہو کے تمہارا دوست ہے

ٹھیک ہے تمہارا دوست ہے نا وہ لڑکا

تو میں بھی سب دوست بناؤں گا وہ بھی لڑکیاں

رانیہ اذان کی بات سن کر حیرانگی سے اسے دیکھنے لگی

میں اپنے شوہر کو کسی کے ساتھ شئیر نہیں کر سکتی وہ فوراً بولی

تورانیہ میں بھی اپنی بی وی کو کسی کے ساتھ شئیر نہیں کر سکتا❤LRI PDI❤LRI

❤LRI PDI❤LRI PDI❤LRI PDI❤LRI PDI❤LRI PDI❤LRI PDI❤LRI PDI

PDI❤LRI PDI

یہ کہتے ہوئے وہ باتھ روم کی جانب چلا گیا

NEW ERA MAGAZINE.com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

تبھی اذان کا فون بجنا شروع ہوا

رانیہ نے پہلی بار اس کا فون اٹھایا تھا

جی السلام علیکم !

وعلیکم السلام جی آپ کون رانیہ نے لڑکی کی آواز سن کر جواب دیا

مجھے اذان سے بات کرنی ہے آپ میری ان سے بات کروا سکتی ہیں کیا؟

ابھی وہ مصروف ہیں آپ بعد میں کال کیجیے گا یہ کہتے ہوئے رانیہ فون رکھنے ہی لگی تھی

کہ آپ انہیں پلیز بتا دیجیے گا کے افشاں کی کال تھی

ہمم ٹھیک ہے میں بتادوں گی خدا حافظ کہتے ہی اس نے فون رکھ دیا

کون ہو گی وہ لڑکی رانیہ کا سوچ سوچ کر دماغ خراب ہو رہا تھا

اذان آپ کی کال تھی

کس کی کال اذان نے رانیہ سے پوچھا وہ شیشہ کے سامنے کھڑا بالوں کو سیٹ کر رہا تھا

آپ کی جی ایف افشاں کی اور کس کی رانیہ نے عجیب لہجے میں جواب دیا

کیا کہا افشاں کی کال آئی تھی اذان کے چہرے سے لگ رہا تھا جیسے وہ سن کر بہت خوش ہوا ہو میں ابھی کرتا ہوں اسے دوبارہ کال

کون ہے افشاں ؟رانیہ نے اذان سے پوچھا

میری دوست ہیں ساتھ پڑھتے تھے ہم سکول میں اور پھر جب ہم کالج میں تھے تو وہ امریکہ چلے گئے اس کے بعد رابطہ بہت کم ہوا اس سے بہت اچھی لڑکی ہے

بچپن ساتھ گذرا ہے ہمارا

اذان سب بتا رہا تھا

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

جبکہ رانیہ کو توافشاں سے جیلیسی ہو رہی تھی

ہاں افشاں کیسی ہو

ٹھیک ہوں اذان تم کیسے ہو وہ اس سے اب کال پر بات کر رہا تھا

کیا پاکستان کب آئی تم واٹ آ پلیزینٹ سرپرائز وہ خوشی خوشی اس سے باتوں میں

مصروف تھا جبکہ رانیہ اسے کب سے دیکھ رہی تھی اب اس سے برداشت نا ہوا تو وہ اٹھ

کر کمرے سے باہر چلی گئی

ہاں افشاں ہوگئی ہے میری شادی اسی سے ہوئی ہے جس کا میں تمہیں بتاتا تھا

بٹ شاید اسے میں پسند نہیں

ارے واہ اذان تم تو بہت خوش نصیب ہوں اتنے سالوں کی محبت جو مل گئی تمہیں

افشاں نے اذان سے کہا

تم بتاؤں کیسی جا رہی ہے تمہاری لائف افشاں

بہت اچھی

شادی نہیں کی تم نے

عامر کا بزنز سیٹل ہو جائے تو ہو جائے گی شادی بھی

چلو سہی ہے میں پھر رات کو آؤں گا تمہیں لینے اپنا خیال رکھنا خدا حافظ وہ کچن میں کھڑی خود سے باتیں کر رہی تھی

جو بھی ہو مجھے کیا میری بلا سے بھاڑ میں جائیں

خود کی دوستیاں ہیں اتنی مجھ پر رعب طاری کرتے رہتے ہیں ہر وقت اللہ کہاں پھنس گئی ہوں میں

بھابھی آپ یہاں کیا کر رہی ہیں

کچھ نہیں ثمن چائے بنا رہی ہوں تم پیوں گی

ثمن کو رانیہ کی پرانی والی چائے یاد آئی جھجھکتے ہوئے اس نے کہا نہیں مجھے نہیں پینی آپ رہنے دیں میں بنا دیتی ہوں

ارے ارے گھبراؤ مت میں سیکھ چکی ہوں اب چائے بنانا اتنی بھی گئی گزری نہیں ہوں ردا نے سکھا دی تھی مجھے

اتنے میں اذان کچن میں داخل ہوا

امی کدھر ہیں ثمن اس نے ثمن سے پوچھا

امی بابا کے ساتھ گئی ہیں چیک اپ کے لیے

کوئی کام ہے آپ کو بھائی

رانیہ ان دونوں کو نظر انداز کیے چائے بنانے میں مصروف تھی

ہاں وہ شام کے کھانے پر افشاں آرہی ہے تو رد ا کو بھی بلایا ہے تو کھانے کی تیاری ماما کو

کہوں کے شیف کو کہیں اچھے سے ہو اور اس کی پسند کی ڈشز بنوائیں کافی عرصہ بعد

آرہی ہے

NEW ERA MAGAZINE.com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

افشاں نا ہو گئی پرائم مینیسٹر ہو گیا اذان کی بات پر رانیہ نے دل میں بولا

اذان جو باتیں کہہ تو ثمن سے رہا تھا مگر اس کی نظریں رانیہ پر ہی تھیں

جبکہ رانیہ اس سے بے خبر تھی

جی ٹھیک ہے بھائی میں کہہ دوں گی آپ فکر نہیں کریں

آپ آج فیکٹری نہیں گئے ثمن نے سوال کیا

نہیں ثمن

مجھے افشاں کو لینے بھی جانا ہے اور گیسٹ روم کی سفائی بھی کر دو دینا کیا پتا وہ یہی ٹھہرے

اتنی فکر کبھی میری کی ہے ہنہ

بد تمیز کہی کا

رانیہ دل ہی دل میں نا جانے اذان کو کیا کیا بول رہی تھی چائے بن گئی ہے ثمن یہ رکھی

ہے پی لینا وہ یہ کہتے ہی اپنی چائے اٹھاتے ہی کمرے کی طرف چلی گئی

اذان کو تو اس نے دل اگنور کیا تھا

ثمن تم یہ چائے مجھے دے دو اور اپنے لیے اور بنا لینا

رانیہ کے جانے کے بعد اذان بھی چائے اٹھاتا لاؤنج میں چلا گیا

ہائے رانیہ آج لگ رہی تھی نا تم اذان کی بی وی بالکل وہ چائے پیتا مسکراتا ہوا سوچ رہا تھا

شام کو سب ایک ساتھ بیٹھے کھانے کی ٹیبل پر موجود تھے

افشاں بھئی اتنے دنوں بعد آئی ہوں سب تمہاری پسند کا بنا ہے

ٹھینک یو آنٹی آپ کے ہاتھ کے بنے کھانے کو بہت مس کیا میں نے

اذان تم نے تو شادی پر بھی نہیں بلایا بھئی

بس یار کیا بتاؤ جلدی میں ہوئی ہے

رانیہ ان سب کو دیکھ رہی تھی

ویسے تو اتنا چپ رہتا ہے آج اتنا بول رہا ہے وہ بھی اس افشاں کے ساتھ پتا نہیں کب جائے گی یہ اپنے گھر

رانیہ آپ بہت خوش نصیب ہیں کے آپ کو اذان جیسا شوہر ملا

رانیہ افشاں کی بات پر مسکرائی ہی تھی صرف

وہ سب کھانا کھا چکے تھے

رانیہ سر میں درد کا کہہ کر اپنے کمرے میں آگئی تھی

جبکہ اذان افشاں کو چھوڑنے گیا تھا

افشاں ایک ہی بیٹی تھی اپنے ماں باپ کی اس ماں باپ کی وفات کے بعد وہ امریکہ اپنے

ماموں کے پاس چلی گئی تھی

جبکہ اذان اور افشاں ایک ساتھ پڑھے تھے بچپن سے کافی اچھے دوست تھے اور وہ اتنے سالوں بعد واپس آئی پاکستان جس پر اذان بہت خوش تھا

وہ اذن کے گھر کے پاس ہی رہتی تھی۔

وہ کمرے میں داخل ہوا رانیہ بیٹھی ٹی وی دیکھ رہی تھی

اذان کمرے میں داخل ہوا

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

آ گئے آپ اپنی جی ایف کو چھوڑ کر

رانیہ نے اذان سے کہا

جی ایف تو نہیں وہ میری

کبھی اتنی فکر اپنی بی وی کی کی ہے آپ نے ہاں ہاں کریں گے بھی کیوں آپ کو محبت جو اس افشاں سے ہے جائیں اب اس کے پاس کیوں آئے ہیں آپ رانیہ بنا کچھ سوچے سمجھے بولے جا رہی تھی

"۔ٹھیک سے یاد نہیں پر کہیں پڑھا تھا کہ

محبوب کو کسی کے ساتھ دیکھو تو معلوم ہوتا ہے، احساسِ شرک واقعی بہت بڑا گناہ

ہے💔 "_

سوری وہ کافی عرصہ بعد آئی تھی

تمہیں برا لگا کیا اذان نے اپنی ہنسی چھپاتے ہوئے کہا

نہیں مجھے کیوں برا لگے گا بھلا میں ہوتی کون ہوں آپ کی جو مجھے برا لگے وہ پھر بولنے لگی

اچھا سوری بولا تو ہے اب اذان نے رانیہ کے پاس بیٹھتے ہوئے کہا

اذان اب اس کا ہاتھ تھامنے لگا تم بی وی ہو میری آئندہ یہ مت کہنا ہے میں ہوتی کون ہوں آپ کی

تم تو میرا سب کچھ ہو رانیہ

میں نے ہمیشہ تمہیں چاہا ہے

تمہیں سوچا ہے

رانیہ کو اپنے دل کی دھڑکنیں تیز ہوتی ہوئی محسوس ہوئی

میں تم سے بہت محبت کرتا ہوں رانیہ

رانیہ جو اذان کی باتیں سن رہی تھی رانیہ میں نے بچپن سے ہی تمہیں چاہا ہے مگر میں کبھی تم سے اظہار نہیں کر سکا جانتی ہو کیوں؟ اذان نے رانیہ کی طرف دیکھتے ہوئے کہا

میں نے ہمیشہ یہی سوچا کہ میں تمہارے قابل نہیں

تمہاری اور میری بات بچپن سے طے شدہ تھی یہ تو تم جانتی ہو گی

میں یہ سب تمہیں کیوں بتا رہا ہوں میں نہیں جانتا

لیکن میں اب مزید تم سے کچھ نہیں چھپا سکتا

میں تمہیں بہت چاہتا ہوں

مجھے بھی بہت سے پرپوزل آئے مگر میں نے کبھی کسی کو سوچا تک نہیں تمہارے علاوہ

جب میں 17 سال کا تھا تو چچا چاچی نے یہ کہہ کر انکار کر دیا تھا کے ابھی بچہ ہماری رانیہ کے قابل نہیں

اگر وہ اس قابل ہوا تو ہم کچھ سوچیں گیں

بابا نے کہا کے یہ اتنا اچھا کاروبار سب اذان کا ہی ہے آپ ایسا کیوں کہہ رہے ہیں

تو چچا نے کہا کے اب وقت بدل گیا ہے بھائی اور میں رانیہ کی پسند کو ہی ترجیح دوں گا

رانیہ تب ہی میں نے سوچ لیا تھا کے میں خود سے کچھ بن کے دکھاؤں خود سے کچھ کروں

اور آج میں اس مقام پر ہوں کے ان کو مجھ سے بہتر کوئی نہیں لگا تمہارے لیے

میں شروع سے یہی سمجھتا ہوں کے تمہاری زندگی میں کوئی اور ہے

تمہیں بھی شاید میں پسند نہیں تھا

رانیہ خاموش بیٹھی سب سن رہی تھی

اتنے میں کمرے کے دروازے پر دستک ہوئی بھائی ناشتہ کر لیں سب آپ کا انتظار کر رہے ہیں

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

ثمن جو کے ناشتے کے لیے بلانے آئی تھی

جی ہم آتے ہیں ابھی

اب ثمن جا چکی تھی اذان اب اٹھا اور ڈریسنگ ٹیبل کے پاس جا کھڑا ہوا وہ بال بنا رہا تھا

اذان

رانیہ کی آواز پر وہ پیچھے مڑا

میری زندگی میں کوئی بھی نہیں ہے نا ہی میں نے کبھی کسی کو پسند کیا اور یہ شادی میری

پسند سے نہیں ہوئی تھی کیونکہ میں نے ہمیشہ آپ کو بھائی کی نظر سے دیکھا تھا

اور اچانک ہی آپ کو شوہر کے روپ میں ایکسیپٹ کرنا میرے لیے بہت مشکل تھا

مگر آپ نے کہا کے آپ خود کو میرے قابل نہیں سمجھتے

ایسا نہیں ہے اذان آپ بہت اچھے ہیں یہ کہہ کر وہ چپ ہو گئی

❤❤❤❤❤❤❤❤

سب نے ایک ساتھ ناشتہ کیا تھا

اذان بھی فیکٹری چلا گیا تھا ثمن اپنے کمرے میں موجود پڑھائی میں مصروف تھی

رانیہ اپنے کمرے میں بیٹھی اذان جو سوچ رہی تھی

اسے پتا نہیں کیوں اذان کی یاد آ رہی تھی

السلام علیکم اذان کیسے ہیں آپ؟

میں ٹھیک ہوں رانیہ تم ٹھیک ہو

جی میں ٹھیک ہوں کب آئیں گے آپ

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interview

کیوں

ویسے ہی مجھے بھوک لگ رہی ہے تو جلدی آ جائیں کچھ کھانیں چلتے ہیں رانیہ نے بہانا بنایا

گھر میں کچھ نہیں ہے کیا اذان نے سوال کیا

نہیں مجھے باہر سے کھانا ہے آپ پلیز آ جائیں

اچھا ٹھیک ہے تم تیار ہو جاؤ میں آتا ہوں

تھینکس اذان ابھی ہوتی ہوں تیار کرنے اچھے ہیں آپ

❤️❤️❤️❤️😍😍😍😍

وہ تیار ہو چکی تھی اب وہ کالے رنگ کی فراک پہنے گلے میں دوپٹا پہنے

لائٹ میک اپ اور جیولری پہنے وہ بہت پیاری لگ رہی تھی

وہ صوفے پر کمرے میں بیٹھی تھی اذان کا انتظار کر رہی تھی

اففففففففف کب آئیں گے اتنی دیر کر دی ہیں کوئی بد تمیز ہنہہ اتنا ویٹ کروانا تھا

اب وہ موبائل نکال کر پکچرز بنانے لگی

اذان کمرے میں داخل ہوا تھکتی نہیں ہو تم ہر وقت تصویریں

نہیں میں کیوں تھکوں گی اور آپ آ گئے ہیں چلیں اب جلدی کریں پہلے بھی اتنا ویٹ

کروایا

رانیہ مجھے تیار تو ہونے دو رانیہ نے اذان کا ہاتھ پکڑ کر چلیں بھی آپ ایسے ہی بہت

پیارے لگ رہیں ہیں بولا

اذان جو رانیہ کی اس حرکت پر اسے غور سے دیکھنے لگا

کیاہوا ایسے کیوں دیکھ رہیں ہیں تعریف ہی کی ہے آپ کی میں نے

نہیں میں دیکھ رہا تھا کے آج میری بی وی بہت پیاری لگ رہی ہے

آج سے کیا مطلب ہے آپ کا میں آپ کو پہلے کبھی پیاری نہیں لگی کیا اذان وہ سڑے ہوئے منہ سے بولی

ہاہاہاہاہاہاہاہا اذان اس کا منہ دیکھ کر ہنسنے لگا ارے نہیں بابا ایسا کب کہا میں نے اب بہت بورنگ قسم کے شوہر ہیں اذان

وہ کیوں ؟اذان نے حیرت سے پوچھا

وہ دونوں گاڑی میں ایک ساتھ بیٹھے تھے

شوہر ایسے تو نہیں ہوتے

تو کیسے ہوتے ہیں اذان نے سوال کیا

لوگوں کے شوہر تو اتنے اچھے ہوتے ہیں روزانہ آفس سے واپسی پر گھمانے لے کر جاتے ہیں آفس میں ہوں تو دس بار کال کر کے بی وی کا حال پوچھتے ہیں

اور آفس سے واپسی پر پھول گجرے لے کر آتے ہیں

رانیہ تو شروع ہو گئی تھی

اذان جو خاموشی سے اسے سن رہا تھا

دیکھا اب کب سے میں ہی بولی جا رہی آپ ہیں کے کچھ بول رہے

میں دیکھ رہا ہوں کے کچھ لوگ بولتے ہوئے بڑے پیارے لگتے ہیں اذان نے رانیہ کو

دیکھتے ہوئے کہا

بس کریں اب مکھن نا لگائیں رانیہ کی بات پر اذان ہنسنے لگا رانیہ اسے ہنستے ہوئے اذان کو

دیکھنے لگی گر نا پیارا لگتا ہے نا وہ ہنستے ہوئے

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

ایسے ہی ہنستے رہا کریں اچھے لگتے ہیں

شکریہ جناب آپ نے بھی ہماری تعریف کی ورنہ ہم تو ترس گئے تھے

آج اذان کہہ کے گیا تھا کہ وہ گھر لیٹ آئے گا

ردا اور حنا بھی ائے ہوئے تھے

رانیہ اپنے کمرے میں بیٹھی سب کے ساتھ باتوں میں مصروف تھی کہ اس کا فون بجا

فون سننے کے لیے وہ باہر گئی

حنا بھی اس کے پیچھے گئی تھی

حارث تم مجھے کیوں کال کر رہے ہو

رانیہ نے غصہ سے بولا

رانیہ میں بس ایک بار تمہیں دیکھنا چاہتا ہوں ایک بار مل لو پھر میں تم سے بہت دور چلا جاؤں گا

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

رانیہ پلیز

مگر حارث میں تم سے کیوں ملوں

رانیہ ہم اچھے دوست رہیں ہیں اور دوستی کی خاطر ہی مل لو

رانیہ پلیز ورنہ میں جان کچھ کر لوں گا پلیز بس ایک بار مل لو پلیز رانیہ

نہیں تم ایسا کچھ مت کرنا میں دیکھتی ہوں

اوہ ملاقاتیں بھی ہوتی ہیں حنا دل ہی دل میں بولی

تائی امی میری دوست آرہی ہے مائرہ مجھے آدھے گھنٹے کے لیے جانا ہوگا میں ڈرائیور کے ساتھ چلی جاؤں

بیٹا وہ گھر پے ہی آجاتی

نہیں تائی اماں وہ اسے وہاں کوئی کام ہے پھر اس نے واپس جانا تو میں وہی مل لوگی

وہ اپنی کسی بزنس میٹنگ کے سلسلے میں آرہی ہے ادھر

رانیہ جھوٹ ہی جھوٹ بول رہی تھی

وہ دونوں ایک ساتھ بیٹھے تھے

رانیہ بہت شکریہ تمہارا میں بس تمہیں دیکھنا چاہتا تھا ایک بار پھر میں رات ہی لندن جا رہا ہوں شاید پھر کبھی واپس آؤں بھی یا نہیں

رانیہ نے ایک نظر حارث پر ڈالی

❤❤❤❤❤❤❤❤❤❤

اذان اگر تمہیں میری بات پر یقین نہیں تو خود وہاں جا کے دیکھ لو

اذان کو حنا کی باتیں سن کر بہت غصہ آیا

مگر رانیہ کی ریکارڈ کی ہوئی آواز حنا نے اذان کو سنائی جب وہ کال پر حارث سے بات کر رہی تھی تو اس نے آواز ریکارڈ کر کی تھی کیونکہ وہ جانتی تھی اذان اس کی بات پر یقین نہیں کرے گا

اذان کی آنکھیں اب غصہ سے لال ہو رہیں تھی

رانیہ تم ایسا کیسے کر سکتی ہو

وہ وہاں پہنچ چکا تھا زیادہ وقت نا لگا تھا

کیونکہ سفر زیادہ نہیں تھا

حارث تم شادی کر لو تم جانتے ہوں ہمارے نصیب میں جو بہتر ہوتا ہے وہی ہوتا ہے

تم جانتے ہوں اذان بہت اچھے میں ان کے ساتھ بہت خوش ہوں اذان یہ سب سن رہا تھا حارث نے اذان کو دیکھ لیا تھا مگر خاموش رہا

میں ان کو کبھی دھوکا نہیں دے سکتی حارث میں یہ بھی جانتی ہوں کے میں یہاں ہوں بغیر بتائے آئی یہ بہت غلط ہے مگر میں ڈر گئی تھی کے تم کہی خود کو پہلے کی طرح کچھ نا کر

لو

میں تو تم سے بات بھی اس ڈر سے کرتی تھی مائرہ نے مجھے کہاں تھا تم سے دوستی کرلوں

کہی تم پھر سے ناایسا کچھ کرو

مگر حارث تہیں سمجھانے آئی ہوں یہ سب غلط ہے اللہ کا کیا گیا ہر فیصلہ ہمارے لیے

بہتر ہوتا ہے ہمیں س اس میں خوش ہونا چاہیے دیکھو میں بھی یہی سمجھتی تھی کے اذان

میرے لیے نہیں بنا

مگر میں غلط تھی وہ میرے لیے ہی بنا ہے اور وہ ہی میرے حق میں بہتر ہے

تم بھی شادی کرلو میری دعا ہے کہ تمہیں بھی ایک اچھی شریک حیات ملے گی تم بھول

جاؤ گے مجھے اور اس وقتی محبت کو جو تمہیں مجھ سے ہوئی

نکاح میں بہت طاقت ہوتی ہے میں نے ایسا سنا تھا اور اب یقین بھی ہو گیا ہے

واقعی نکاح میں بہت طاقت ہوتی ہے حارث تم جانتے ہو میں ان سے بہت محبت کرتی

ہو

حارث سب سن رہا تھا اور میں بھی تم سے بہت محبت کرتا مسز اذان اذان کی آواز پر وہ

چونکی

اذان آپ

جی میں اتنی سمجھدار کب سے ہوئی آپ

جب سے آپ کی بی وی بنیرانیہ نے مسکرا کے جواب دیا

میں ناراض ہوں تم سے کیوں اذان بتا کر جانا چاہیے تھا رانیہ تمہیں

مگر اذان مجھے ڈر تھا آپ کہی

رانیہ مجھے تم پر بھروسہ ہے

NEW ERA MAGAZINE .com
Novels|Afsana|Articles|Books|Poetry|Interviews

ایک پل کے لیے تو مجھے بھی بہت غصہ آیا کیوں کے حنا نے مجھے اتنا کچھ جو بولا تھا

مگر رانیہ مجھے خوشی ہے کے تم میرے نصیب میں ہو

میں اللہ کا جتنا شکر ادا کروں کم ہے

ائندہ کوئی بھی بات مجھ سے مت چھپانا

باتیں چھپانے سے غلط فہمیاں پیدا ہوتی ہیں میں نہیں چاہتا ایسا ہو

اذان اسے بچوں کی طرح سمجھا رہا تھا

4سال بعد :

کیا کہا بابا ثمن پھوپھو آرہی ہیں لندن سے سچی جی بیٹا

ماما ہائے کتنا مزا آئے گا نا رومیسا اب رانیہ سے بولی

جی بہت میری جان

زین بھی آئے گا حارث پھوپھا نے کہا تھا کے وہ میرے لیے ڈھیر ساری چاکلیٹس بھی لائیں گے

رومیسا بہت خوش تھی میں دادوں کو بتا کے آتی ہوں

رومیسا بلکل تم پر گئی ہے رانیہ

ہاں جان جو ہے میری مجھ پے ہی جائے گی

اور میں کس کی جان ہوں اذان نے سوال کیا

رانیہ کی

رانیہ کی بات پر وہ دونوں ہنس پڑے اتنے میں ارحم کے رونے کی آواز آئی

اٹھ گیا آپ کا لاڈلا جائیں اٹھائیں اسے بیگم صاحبہ اذان نے کہا تو رانیہ ارحم کی طرف بڑھ گئی

****

ختم شدہ

ہماری ویب میں شایع ہونے والے ناولز کے تمام جملہ و حقوق بمعہ مصنفہ کے نام محفوظ ہیں۔

ہمیں اپنی ویب نیو ایرا میگزین(New Era Magazine)کیلئے لکھاریوں کی ضرورت ہے۔اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،آرٹیکل،شاعری،پوسٹ کروانا چاہیں تو اردو میں ٹائپ کر کے مندرجہ ذیل ذرائع کا استعمال کرتے ہوئے ہمیں بھیج سکتے ہیں۔

(Neramag@gmail.com)

انشااللہ آپ کی تحریر ایک ہفتے کے اندر اندر ویب پر پوسٹ کر دی جائے گی۔مزید تفصیلات کیلئے اوپر دیئے گئے رابطے کے ذرائع کا استعمال کر سکتے ہیں۔

شکریہ ادارہ: نیو ایرا میگزین